www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور جدید شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | 4 جمادی الثانی 1448ھ 15 نومبر 2026ء | صفحات 24 | شمارہ 125
رجسٹرڈ BC-m-11 | PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com
قیمت 50 روپے

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں فورسز کا آپریشن خوارج کا 20 دہشتگرد ہلاک، میجر سمیت 4 جوان شہید

فورسز کی کارروائی میں کوئٹہ میں خودکش بمبار سمیت 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد، پاک فوج کے میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا

شمالی وزیرستان میں فورسز کی کارروائیوں میں 16 خوارج ہلاک، دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کئے، اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا، پاک فوج کے حوالدار محصمت علی اور نائیک آفتاب علی شہید

ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، آپریشن کے دوران وطن عزیز کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں پر پوری قوم کو فخر ہے، وزیراعظم

قوم کے بہادر شہدا کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائیگا، گورنر

جعفر خان مندوخیل کا میجر عمر منہاس اور حوالدار کی شہادت پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے میجر عمر منہاس اور حوالدار محمد عدنان خان کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان جاری...





ہیشتگردی کے ذریعے ترقی کے سفر کو روکنے کی کوشش ناکام بنائینگے، مزاحمت کاروں کا خاتمہ یقینی بنائینگے، وزیراعظم

بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف سرگرم دہشت گرد عناصر کے لیے اب کوئی محفوظ پناہ گاہ باقی نہیں رہے گی

ریاست اپنی پوری قوت اور مؤثر حکمت عملی کے ساتھ دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ یقینی بنائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست اپنی پوری قوت اور مؤثر حکمت عملی کے ساتھ دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کوئٹہ میں امن و استحکام کے خلاف سرگرم دہشت گرد عناصر کے لیے اب کوئی محفوظ پناہ گاہ باقی نہیں رہے گی...



ہزارہ اہل اور ڈرون حملے کیے، ایرپورٹ بند، گاہیں تباہ، گیس آرہی بجلی گھر ورہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا، ایران نے تصادمات کا مکمل معاوضہ ادا کرنے کا مطالبہ

ایران کو خلیجی ممالک پر حملوں کا ذمہ دار ٹھہرایا جائے، خلیج تعاون کونسل

ایران کے ساتھ کسی بھی معاہدے میں نیوکلیئر پروگرام، میزائلوں، ڈرونز، نیکنالوجی جیسے معاملات شامل ہونے چاہئیں، خلیجی ممالک جنگ کا حصہ نہیں تھے، انہوں نے کشیدگی روکنے کی کوشش کی، جاسم البدیوی

حکومت مایہ کار دوست پالیسیوں کو فروغ دے رہی ہے، وزیراعظم

بنیادی ڈھانچے کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی سرمایہ کاروں کو معاہدات فراہم کر کے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے کوشاں ہیں

روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہمارے نوجوانوں کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنا ہماری ترجیح ہے، بیرک مائنگ کمپنی کے وفد سے بات چیت

بھارت نے شیخ حسینہ کی دسمبر میں واپسی کیلئے نئی شرائط رکھ دیں

بنگلا دیشی فوج واپسی کی نگرانی، انہیں نئے مقدمے کی ضمانت دے، بھارت

قوم شہدائے عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریگی، شاہد رند

حکومت عدالتوں کے پرکاٹ پارلیمنٹ کو بے وقعت کر رہی ہے، محمود خان اچکزئی

ایران اور قطر کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ طے پاگیا

ایران سے پاکستانی زائرین کی واپسی کا دوسرا مرحلہ کل سے شروع ہوگا

پاکستان بھارت سمیت 25 ممالک کی ڈرون نمائش میں شرکت کریگا، حارث

مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے کیمپ پر حملہ ناکام بنا دیا گیا

وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر داخلہ کی جانب سے حملے کی مذمت

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان کے ضلع مستونگ کی جانب سے جاری کیے گئے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ حملہ اتوار 25 جنوری کو رات پونے 8 بجے کے قریب سیکیورٹی فورسز کے کیمپ پر ہوا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے اس حملے کو ناکام بنا دیا اور ان کی ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ میں مواصلاتی نظام میں خرابی، 6 ہزار سے زائد پروازیں معطل

بڑے شہروں اور دیگر امریکی ریاستوں میں ہزاروں مسافر کئی گھنٹوں تک ایئرپورٹس کے احاطے میں بیٹھے رہے

امریکی فضائی نظام خرابی کے گھنٹوں بعد بحال، پروازوں کو اڑان کی اجازت دے دی گئی، سائبر حملہ نہیں ہوا، امریکی صدر

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ میں مواصلاتی نظام میں خرابی کے باعث ملک بھر میں پروازوں کی روانگی کئی گھنٹوں کے لیے روک دی گئی جس سے 6 ہزار سے زائد پروازیں متاثر ہوئیں۔ امریکہ کے بڑے ہوائی اڈوں پر مسافروں کی لمبی قطاریں دیکھی گئیں اور ہزاروں مسافر کئی گھنٹوں تک ایئرپورٹ پر پھنسے رہے، ایک ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر



ایران سے پاکستانی زائرین کی واپسی کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہوگا

خدیجہ شاہ کی تین سال پرانی درخواست سماعت کیلئے مقرر

یکساں نصاب تعلیم کی تکمیل کیلئے 16 نومبر کو اہم اجلاس

ایف بی آر میں ایکسائز ڈیوٹی اور کسٹمز محکمے الگ ہو گئے

ایف آئی اے کی کئی آپریشنز کے خلاف انکوائری کیلئے سماعت 16 نومبر کو ہوگی

ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر فوجی حملے روکنے کا مشروط اشارہ دے دیا

گرفتاریاں یا کسی کے خوفی انتقال بھگتنے کیلئے بھی تیار ہیں، ایران صدر

سوراب، دشت گوران کے علاقہ مل عدرسہ سے تین لاشیں برآمد

کے پی پولیس اور سی ٹی ڈی کے بہادر اہلکاروں پر فخر ہے، محسن نقوی

پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کی طبیعت بگڑ گئی

صدر مملکت اور وزیراعظم کی ملاقات معاشی و سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو

کے پی پولیس نے جیل آفریدی کو ناشتہ کی تجاویز دیدیا

حکومتی ٹیم کا نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم کی تجویز پر غور

وزیراعظم معاملے پر پارلیمنٹ سے ریفرنڈم کی اجازت لے سکتے ہیں

سوئی ناردرن گیس Sui Northern Gas
Sui Southern Gas Company Limited SSGC
گیزر سیٹ... سردیاں پرفیکٹ
سردیوں سے قبل گیزر کی بروقت مرمت کروائیں، گیس بچائیں اور بل میں بچت پائیں
روایتی گیزر کی بجائے انسٹنٹ گیزر یا سولر واٹر ہیٹر استعمال کریں
روایتی گیزر استعمال کرنے کی صورت میں
گیس سپورٹروں کے حامل گیزر کا انتخاب کریں
استعمال سے صرف 30 منٹ پہلے گیزر آن کریں
استعمال کے فوری بعد گیزر بند کردیں
گیزر کا تھرموسٹیٹ لازمی چیک کروائیں
گیس لیکج سے بچنے کے لیے معیاری گیس آلات استعمال کریں
PID(K)1576-D/26
COMPULSORY
کسی بھی قسم کی شکایت کیلئے
سوئی کمپنیز کے ریجنل دفاتر یا ہیلپ لائن نمبرز پر رابطہ کریں
سوئی ناردرن ہیلپ لائن 0800-01199
سوئی سدرن ہیلپ لائن 0800-11990
یا ویب سائٹس وزٹ کریں
www.sngpl.com.pk
www.ssgc.com.pk

جدید جہد رنگ لے آئی، مینوں ٹینڈرز کی حد 5 لاکھ روپے مقرر، کمشنر ایسوسی ایشن

5 لاکھ سے زائد مالیت کے تمام سرکاری ترقیاتی کاموں کے ٹینڈرز ای بڈنگ کے ذریعے کئے جائیں

گرین چلڈرن کی سمری منظور، چند روز میں نوٹیفکیشن جاری ہونے کا امکان، کمشنر ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالسلام زاہد بلوچ، سینئر نائب صدر محمد آواز خان اچکزئی، جنرل سیکرٹری صلاح الدین کوثر، ڈپٹی سیکرٹری جنرل عبدالرحمان بلوچ، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی کوئی و سابق صوبائی وزیر عطاء اللہ شکورانی نے کہا ہے کہ کنٹریکٹرز برادری کوئٹہ کی سب سے بڑی اور فعال تنظیم ہے جو ہمیشہ عوامی مسائل کے حل کیلئے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کوئٹہ کے پلیٹ فارم سے جدوجہد کرتی رہی ہے، ایسوسی ایشن کی رہنما قیادت کو مشیر کے طور پر مشاورت کرنی ہے ایسوسی ایشن کے عہدیداران کو ہر ہفتے کوئٹہ میں ہونا لازمی ہے، ایسوسی ایشن کے ممب

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، بلوچستان کے تاجر ٹریڈنگ کی بجائے انڈسٹری کے شعبے میں سرمایہ کاری کریں، سرمایہ کاری بورڈ

بلوچستان کے تاجر ٹریڈنگ کے بجائے انڈسٹری میں سرمایہ کاری کریں، صنعت کاری سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، وائس چیئرمین

کوئٹہ ایکسپو سینٹر کے 74 کروڑ روپے لاہور منتقل کرنا بلوچستان کے تاجروں سے زیادتی ہے، وفاقی حکومت کو خط لکھیں گے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

بلوچستان انڈسٹریل زون میں صنعتیں لگانے والوں کو ون ونڈو آپریشن کے تحت تمام سہولیات فراہم کریں گے، بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، وائس چیئرمین

ایکٹرک رکشوں کے معیار اور ساکھ کا جائزہ لے کر پالیسی بنائی جائے گی، لیاقت لہڑی

جامع پالیسی مرتب کرنے کا فیصلہ، تمام کمپنیوں کو شامل کیا جائے گا، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

رکشہ انڈسٹری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، الیکٹرک رکشوں کیلئے تعلیمی قائم کرنے کا اعلان

ربیع کینال میں پانی کی شدید قلت، زمینداروں اور کسانوں کا قرآن پاک اٹھا کر احتجاجی مظاہرہ

فصلیں تباہی کے دہانے پر پہنچ گئیں، زمینداروں کا ربیع کینال میں فوری زرعی پانی کی فراہمی کا مطالبہ

نصیر آباد میں پانی کی تقت پر زمیندار سراپا احتجاج، گھنٹہ ایریگیشن حکام سے کامیاب مذاکرات کے بعد دھرنا ختم

سیاسی سرگرمیاں بحال، بلوچستان میں کوئی نوگو ایریا نہیں، جمال شاہ

خواتین کی بڑی تعداد مسلم لیگ (ن) میں شامل ہو رہی ہے، خواتین گھروں سے نکل کر قومی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کر رہی ہیں، پارٹی روز بروز مضبوط ہو رہی ہے، صوبائی جنرل سیکرٹری

مریم نواز کی شبت پالیسیوں سے متاثر ہو کر بلوچستان کی خواتین جوق در جوق مسلم لیگ (ن) میں شامل ہو رہی ہیں، صوبے میں کوئی نو گو ایریا نہیں، خواتین کے کنونشن سے رکن قومی اسمبلی کا خطاب

بلوچستان 985 ملزمان گرفتار، 189 مفرور بازیاب، بھاری اسلحہ و منشیات برآمد

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، 4 گاڑیاں، 17 موٹر سائیکلیں اور 54 موبائل فون برآمد

پولیس کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں، 111 منشیات فروش گرفتار، 189 کلو چرس اور 38 کلو گانجہ برآمد

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور منشیات کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، محمد خان لہڑی

بلوچستان سے منشیات کے ناسور کا خاتمہ کریں گے، نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں

عوامی مسائل کا حل اور خوشحال و ترقی یافتہ بلوچستان مسلم لیگ کا وژن ہے، نصیر آباد ڈویژن مضبوط سیاسی قلعہ ہے

شرح خواندگی بڑھانے کیلئے مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، علی اصغر

بچوں کا اسکولوں میں داخلہ قومی ذمہ داری ہے، انسانی ترقی کا سفر ماں کے پیٹ سے شروع ہوتا ہے

تعلیم کے فروغ کیلئے صوبائی و وفاقی اداروں کو مل کر چلنا ہوگا، ڈی جی ای ڈی کا نیشن میں خطاب

19 نومبر کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کامیابی کیلئے کمیٹیاں تشکیل دے دیں، چیئرمین انجمن

ہڑتال میں عوام کے بھرپور تعاون پر انجمن تاجران کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے، عظیم الشان ریلی ہمارا طاقت کا مظاہرہ ہوگی، ہڑتال کی کامیابی کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، عبدالرحیم زیارتوال

مفت قانونی مشورہ اور رہنمائی

مستحق افراد کے لیے مفت وکیل

کال کریں

1818

+92 300 8506331

+92 302 8662317

فری لیگل ایڈ سیل

لاء اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان —— سپریم کورٹ آف پاکستان

PID (I) 4499/26

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو: جاوید مظہر شہید مؤسس: عبدالرحیم (ایم اے ایم) پبلشر کیلئے مشرق پریس سے چھپ کر، 4-ڈال ڈاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفس: 2830228-2835934 ٹیلی فون نمبر: 2821626-2829164-2821538 ٹیلی فون نمبر: mashriqqta2008@gmail.com ای میل

اتوار 15 نومبر 2026ء

معدنی شعبے میں منصوبہ بندی، جدت، بہتری اور سرمایہ کاری کے امکانات !!

وفاقی دارالحکومت میں پاکستان منرل ایکسٹنشن فورم کا سالیہ انعقاد نے نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا سے سرمایہ کاروں کو اس جانب متوجہ کیا ہے۔ ہم نے گزشتہ روز معدنی شعبے کی اہم سطحات اور اہم شعبہ جات کا ذکر کیا تھا۔ آج کے کالم میں اس فورم کے سالیہ انعقاد کے حوالے سے چند خوبیوں کا ذکر کریں گے۔ ہم نے اس فورم کے انعقاد کی اہمیت، خیال ضروری تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے فورم کے آخری روز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دو ٹوک تھکتی عزم کا اعادہ کیا ہے اور پاکستان کے معدنی شعبے کو ماہر مال کی برآمد کے بجائے ملک کے اندر ان کی پراسیسنگ اور مینوفیکچرنگ انڈسٹریز کو فروغ مشتمل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی معدنی دولت کو اندرون ملک زیادہ سے زیادہ معدنی مواقع میں تبدیل ہونا چاہیے۔ وزیراعظم کا یہ واضح اور دو ٹوک موقف درحقیقت پاکستان کے معدنی شعبے کے مستقبل کے حوالے سے ایک ایسی سمت متعین کرتا ہے جس پر مثل درآمد کے ذریعے ملک اپنی قدرتی دولت سے حقیقی معنوں میں فوائد حاصل کر سکتا ہے۔ اس کے تحت ہی کہ پاکستان کے حقیقی معدنی وسائل کو ملک میں پروان چڑھنے والی روایت تحت ہونی چاہئے اور اب وقت آگیا ہے کہ ملک اپنی داؤن اسٹریم صنعتوں کو مضبوط بنائے ہوئے ویلیو ایڈیشن کی جانب پیش رفت کرے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دو دن دور تھے جب خام معدنیات کی برآمد محض طور پر بند ہوگی اور پاکستان کی معدنی دسائل بھی حقیقی ترقی کی بنیاد بنیں گے۔ بلاشبہ یہ سوچ محض معدنیات کی تجارت کا طریقہ تبدیل کرنے تک محدود نہیں بلکہ قومی معیشت کو ایک نئی صنعتی بنیاد فراہم کرنے کی اہمیت رکھتی ہے۔ وزیراعظم نے نجی ملکی سرمایہ کاروں پر بھی زور دیا کہ وہ اپنی سرمایہ کاری کو نہ صرف معدنیات کی تلاش اور نکالی تک محدود نہ رکھیں بلکہ پاکستان میں پراسیسنگ اور مینوفیکچرنگ کی سہولیات قائم کریں۔ یہ حقیقت اپنی جگہ ہے کہ معدنیات کی عالمی منڈی میں صرف خام مال فراہم کرنے والے ممالک کے مقابلے میں پراسیسنگ اور تیار مصنوعات کی تیاری کرنے والے ممالک کو زیادہ مستحکم فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے وزیراعظم کی ترجمہ حاصل ہونے والی آمدنی محدود ہوتی ہے، جبکہ اسی مواد کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پراسیس کرکے مختلف صنعتی مصنوعات میں تبدیل کرنے سے نہ صرف اس کی قدر میں کئی گنا اضافہ ہوتا ہے بلکہ روزگار کے زیادہ مواقع بھی پیدا ہوتے ہیں۔ اسی لئے وزیراعظم کا ویلیو ایڈیشن پر زور دینا ایک دوررس معاشی حکمت عملی کی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے ریکوڈک منصوبے کی پیش رفت کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ یہ دنیا میں تانبے اور سونے کے سب سے بڑے غیر استعمال شدہ ذخائر میں سے ایک ہے، جبکہ 2028ء میں پیداوار شروع ہونے کی توقع ہے۔ تقریباً دو دہائیوں تک تعطل کا شکار رہنے کے بعد اس منصوبے کا عملی نفاذ کے مرحلے کی جانب بڑھنا پاکستان کے لئے ایک اہم پیش رفت ہے۔ ریکوڈک صرف بلوچستان یا پاکستان کا ایک معدنی منصوبہ نہیں بلکہ اس میں ملکی معیشت کو بدل دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ تاہم اس منصوبے کی کامیابی کا اصل پیمانہ صرف پیداوار کا آغاز نہیں بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ اس کے ثمرات قومی معیشت، معاشی صنعت، روزگار اور بالخصوص بلوچستان کے عوام تک پہنچیں۔ وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کو یقینی بنانے کیلئے ایسی پالیسی اور ریگولیٹری فضا کو فروغ دینا ہوگا جو طویل مدتی سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہم کرے۔ ان کا یہ کہنا بھی اہم ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اور معدنی وسائل کے پائیدار استعمال کو ترقی کے راستے میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے بلکہ ترقی کے ساتھ ساتھ ان کا تحفظ بھی یقینی بنایا جائے۔ یہ ایک متوازن اور جدید سوچ کی عکاسی ہے جو آج کی دنیا میں کسی بھی ذمہ دار حکومت کیلئے ناگزیر ہے۔ اس فورم کا سب سے مثبت پہلو یہ تھا کہ اس میں صرف حکومتی بیانیہ ہی پیش نہیں کیا گیا بلکہ نجی شعبے کے نمائندوں کو بھی اپنی تجاویز اور تحفظات پیش کرنے کا موقع ملا۔ یہ مکالمہ مستقبل میں پالیسی سازی کے عمل کو زیادہ شفاف، قابل عمل اور سرمایہ کار دوست بنانے میں مدد دے سکتا ہے۔ اگر حکومت اور نجی شعبہ مل کر ان تجاویز پر عملدرآمد کا مؤثر نظام بنا لیں تو یہ فورم واقعی ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔ بلاشبہ پاکستان کے پاس معدنی وسائل کی صورت میں ایک بڑا قدرتی اثاثہ موجود ہے، لیکن اس اثاثے کو حقیقی قومی طاقت میں تبدیل کرنے کیلئے ہمیں اپنی سوچ، پالیسی اور ترجیحات کو بدلنا ہوگا۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہم معدنیات کو صرف زمین سے نکالی جانے والی چیز کے بجائے ایک طویل المدتی صنعتی بنیاد کے طور پر دیکھیں۔ اگر ریکوڈک جیسے منصوبے کامیابی سے آگے بڑھتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ویلیو ایڈیشن کی طرف پیش رفت ہوتی ہے تو پاکستان واقعی اس خطے کے اہم معدنی مرکز کے طور پر ابھر سکتا ہے۔ یہ فورم اسی سمت میں ایک اچھا آغاز ہے، اصل امتحان اب اس پر عمل درآمد کا ہے۔

موسمیاتی مالیات کے حصول کے لیے سفارت کاری

عالمی گرم موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سامنا کرنے والے ممالک میں پاکستان کا شمار ہوتا ہے۔ ملک کے آئے دن تباہ کن سیلابوں، خشک سالی اور گلیشیئرز کے پگھلنے کے اعتبار سے اہم ترین ممالک میں شامل ہے۔ 2023ء میں بلین ڈالر کے نقصانات کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔ ان میں منصفانہ تین کروڑ سے زائد افراد متاثر ہوئے تھے۔ ان میں 80 لاکھ سے زائد بچے بھی شامل تھے۔ ان میں سے 33 ملین افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے تھے۔ ان اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کا موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے لحاظ سے دنیا کا ساتواں نمبر ہے۔ ضروری ہے کہ ان اثرات کے لیے ہر سال 7 سے 9 ارب ڈالر کی رقم درکار ہے۔ اس کے برعکس پاکستان کو 2022ء سے 2035ء تک 60 کروڑ ڈالر فراہم کرنے کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے صرف 38 کروڑ ڈالر کی رقم ہی فراہم کی گئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ 2035ء تک 565 کروڑ ڈالر کی رقم کا فرق ہوگا۔ اس کے علاوہ پاکستان کو 2035ء تک 70 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری درکار ہوگی۔ اس میں سے 2 کروڑ 59 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ 2 کروڑ 2 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے 2022ء کے سیلاب کے بعد 16 کروڑ ڈالر فراہم کرنے کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے 30 کروڑ ڈالر کی رقم ہی فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 2 کروڑ 2 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے 1 کروڑ 38 لاکھ ڈالر کی رقم ہی فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 2022ء کے سیلاب کے بعد 16 کروڑ ڈالر فراہم کرنے کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے 3 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کی رقم ہی فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 2 کروڑ 2 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے 1 کروڑ 38 لاکھ ڈالر کی رقم ہی فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 2022ء کے سیلاب کے بعد 16 کروڑ ڈالر فراہم کرنے کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں سے 30 کروڑ

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جو جائیداد کے بارے میں خرید و فروخت یا کسی بھی نوعیت کے لین دین کے بارے میں کسی بھی شخص کے کوئی دعوے یا اعتراضات ہوں تو وہ اپنے دعوے اور اعتراضات سے متعلق ثبوت کے ساتھ 7 دن کے اندر اندر ہمارے دفتر میں پیش کریں۔ بعد ازاں کوئی دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔

ہمیں پختونخوا ایجوکیشن ٹرانسفارمیشن ٹرسٹ کی جانب سے مورخہ 03 مارچ 2026ء کو جاری کردہ اشتہار نمبر 1/2026 کے ذریعے ایک ایجوکیشنل مینجمنٹ آرگنائزیشن کو ہائر کرنے کے لیے درخواستیں طلب کی گئی تھیں، جو کہ ہمارے پاس موجود نہیں ہے، لہٰذا جو بھی ادارے یا افراد اس اشتہار کے بارے میں کچھ جانتے ہوں، وہ براہِ کرم ہمیں مطلع کریں۔ ہمارا پتہ: ہاؤس نمبر 1، گلی نمبر 1، سیکٹر ایف-8/3، اسلام آباد۔ ہمارا فون نمبر: 051-2650000

ہمیں پختونخوا ایجوکیشن ٹرانسفارمیشن ٹرسٹ کی جانب سے ایک ایجوکیشنل مینجمنٹ آرگنائزیشن کو ہائر کرنے کے لیے درخواستیں طلب کی گئی تھیں، جو کہ ہمارے پاس موجود نہیں ہے، لہٰذا جو بھی ادارے یا افراد اس اشتہار کے بارے میں کچھ جانتے ہوں، وہ براہِ کرم ہمیں مطلع کریں۔ ہمارا پتہ: ہاؤس نمبر 1، گلی نمبر 1، سیکٹر ایف-8/3، اسلام آباد۔ ہمارا فون نمبر: 051-2650000

اطلاع عام

میرے والد حاجی ملک داد گل محمد خٹک مرحوم شناختی کارڈ نمبر 1971-1197 جاری کردہ 16 اگست 2017ء کے قتل کیس مقدمہ نمبر 17 کے دوران کیس کلیم ہمراہ گواہان کے پہلی بار 16 مئی 2026ء کو تھانہ ملہ ملنگی خٹک کو 1979ء میں شناختی کارڈ نمبر 5440091496721 جاری کروایا گیا تھا جبکہ اصل 1974ء کا پرانا شناختی کارڈ ہے جو کہ ہمارے پاس موجود ہے جو بقیہ ورثہ کے دستخطوں کے ساتھ ہے جس میں ہماری تاریخ پیدائش 1974ء درج ہے جو کہ درست ہے، لہٰذا اصل شناختی کارڈ کی بحالی کے لیے درخواست ہے کہ یہ دعویٰ ہمارا حق ہے لہٰذا اس کو بحال کیا جائے۔

R.No.....64014

عاق نامہ

میں عبدالرحیم ولد عبدالغفور قوم خٹک سکنہ مغرور ضلع پشین اپنے ہوش و حواس میں صحت مند دماغ کے ساتھ اعلان کرتا ہوں کہ میرے بیٹے محمد عثمان ولد عبدالرحیم نے میری مرضی کے خلاف شادی کی ہے اور میں اس کو اپنی جائیداد سے عاق کرتا ہوں اور اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

R.No.....64015

اختیار لاالحاق

میں ذاکر سعید خان کنجو اپنے ہوش و حواس بغیر کسی خوف و لالچ کے یہ اعلان کرتا ہوں کہ میں نے اپنی بیوی مسماۃ ثمینہ بی بی کو اپنے اختیار لاالحاق کا اختیار دیا ہوا ہے جو کہ میں نے اپنی بیوی کو اپنے نکاح کے وقت دیا تھا اور اس

روزنامہ مشرق

اسپورٹس

انڈر 19 ایشیا کپ فائنل بھارت نے پاکستان کو شکست دیدی

338 رنز کا ہدف آخری اوور میں حاصل، عثمان خان کی شاندار سنچری اور عبدالقادر کے 80 رنز بھی ٹیم کو کامیابی نہ دلا سکے



بھارت کی جانب سے سوہت الوا نے 49 رنز کی اہم اننگز کھیلی، ویگھرو جی وکاٹا 11 رنز کے ساتھ تنہا آؤٹ رہے، رپورٹ

اسٹاف رپورٹر

دبئی (آن لائن) انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت نے پاکستان کو ایک وکٹ سے شکست دے کر انڈر 19 ایشیا کپ کا خطاب جیت لیا، تاہم ٹیم کے بعد بھارتی کھلاڑیوں کے رویے پر تنازع کھڑا ہو گیا، سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں بھارتی کھلاڑی محمد شامی کو عبوحہ حقیر کی جانب سید علوی پر جارحانہ انداز سے گرجتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد بھارتی کھلاڑیوں کے خلاف شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔

دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں پاکستان انڈر 19 ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا، اوپنر صمد خان 21 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، دیگر بلے باز بھی بڑی اننگز نہ کھیل سکے، کپتان عثمان خان 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، عبدالقادر نے 80 رنز کی اننگز کھیلی، ان کے علاوہ کوئی بھی بلے باز 30 رنز کا ہندسہ عبور نہ کر سکا، پاکستان کی ٹیم 49.4 اوورز میں 337 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔

بھارت کی جانب سے سوہت الوا نے 49 رنز کی اننگز کھیلی، ویگھرو جی وکاٹا 11 رنز کے ساتھ تنہا آؤٹ رہے، رپورٹ کے مطابق بھارتی بلے باز 63 رنز کر گئے، 4 وکٹیں گریں، دیگر بلے بازوں میں حیام ہانی نے 21، آدیتیہ سنگھ نے 17، خاب شکیل نے 11 اور ہنر ظہور نے 10 رنز بنائے، محمد صیام 7 اور حسنین خیاں ڈاہر 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، بھارت کی جانب سے محمد شامی نے 3 وکٹیں حاصل کیں، 4 اوورز میں 50 رنز دیے، 9 اوورز میں 9 رنز بنائے، 4 اوورز پر 9 رنز دیے، 2 وکٹیں حاصل کیں، 10 اوورز میں 80 رنز دیے، 3 وکٹیں حاصل کیں، 10 اوورز میں 80 رنز دیے، 2

نمبر 1 آرٹیکل

شاہراہ (وین۔40) پر متاثی ٹریفک کی محفوظ آمد و رفت کے انتظامات کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر

ناکارہ آبی حکمت عملی کا تسلسل برقرار رکھا جائے، ڈاکٹر اسلم

کوئٹہ کے علاقے 13 اور 14 نومبر کو مویشی منڈی شروع ہونے کے باعث شاہراہ (وین۔40) پر متاثی ٹریفک کی محفوظ اور بلا رکاوٹ آمد و رفت کو یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) محمد عثمان خان کاکڑ کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایس پی ٹریفک، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایس ایس پی سٹی، ایس ایس پی کینٹ، ایس ایس پی ایسٹ، ایس ایس پی ویسٹ، ایس ایس پی ایڈمن، ایس ایس پی ٹریفک، ایس ایس پی ٹریفک انویسٹی گیشن، ایس ایس پی ٹریفک ایجوکیشن، ایس ایس پی ٹریفک انجینئرنگ، ایس ایس پی ٹریفک آپریشنز، ایس ایس پی ٹریفک ایڈم

بلوچستان جیسے حساس صوبے میں گورنر راج کا اختیار تسلیم کیا جائے، مولانا عبدالواسع

سیاسی قائدین پر بے بنیاد الزامات اور من گھڑت مقدمات جمہوری روایات اور سیاسی شائستگی کے منافی ہیں، صوبائی امیر جمعیت

سیاسی اختلاف جمہوریت کا حسن ہے، جس کا جواب دلیل، مکالمے اور آئینی طرز عمل سے دیا جانا چاہئے، سینیٹر





لاہور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن بھی بدترین انتقامی نشانہ کی زد پر ہیں، خطاب کر رہے ہیں

جمعیت نظریاتی محاذ عوام کی امیدوں کی آخری کرن بن چکی، قاری مہر اللہ

صوبہ بھر میں سے شہریوں کا بڑے پیمانے پر شمولیت کا سلسلہ شروع ہو چکا، مولانا نیاز محمد

حقوق کے حصول کیلئے جاری جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں، شمولیتی اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی محاذ کے صوبائی امیر مولانا نیاز محمد، جنرل سیکرٹری قاری مہر اللہ شاہ زئی، سینئر نائب امیر مولانا عبدالرحمن اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی محاذ عوام کی امیدوں کی آخری کرن بن چکی ہے، ہر علاقے اور ہر گلی محلے سے شہریوں کا بڑے پیمانے پر شمولیت کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے، جمعیت نظریاتی محاذ ہی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا نیاز محمد مینگل کی حقیقی قیادت ہے، ہم حقوق کے حصول کیلئے جاری جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں، شمولیتی اجتماع س